روزنامہ
الحباب
alhubab अलहुबाब
جمعہ، 15، اکتوبر، 2021



# اردو یونیورسٹی میں اکتسابی وسائل کے فروغ پر پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ

حیدرآباد (پریس نوٹ) مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذۂ اردو ذریعہ تعلیم (سی پی ڈی یو ایم ٹی)، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیرِ اہتمام اکتسابی وسائل کے فروغ (Developing Learning Resources) پر پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ منعقد کیا جا رہا ہے۔ اردو ذریعہ تعلیم سے منسلک اسکولوں اور کالجوں کے اساتذہ کے لیے اس ورکشاپ کا انعقاد بتاریخ 25 تا 29/ اکتوبر 2021 عمل میں لایا جارہا ہے۔ پروفیسر عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر مراکز کے بموجب یہ ورکشاپ پروفیسر سید عین الحسن، شیخ الجامعہ کی سرپرستی اور پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، نائب شیخ الجامعہ و پروفیسر صدیقی محمد محمود، انچارج رجسٹرار کی نگرانی میں منعقد کیا جارہا ہے۔ اس ورکشاپ میں درس و تدریس سے متعلق موضوعات کا احاطہ کیا جائے گا تاکہ اساتذہ کی پیشہ ورانہ مہارتوں میں اضافہ ہوسکے اور انہیں تدریس کے موثر و مفید طریقوں اور تکنیکوں سے روشناس کرایا جاسکے۔ ورکشاپ میں متعدد ماہرین بہتر آموزش کے لیے کارآمد وسائل کے فروغ اور استعمال پر سیر حاصل گفتگو کریں گے۔ اساتذہ اس لنک پر https://forms.gle/d4ktfpH9qkigfSYG7 مفت رجسٹریشن کراسکتے ہیں۔ شرکا کو ای۔سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔ دیگر شائقین آئی ایم سی، مانو کے یوٹیوب (IMC MANUU Youtube) چینل پر 3:00 تا 4:30 بجے پروگرام کے رواں اجلاسوں کو دیکھ سکتے ہیں۔ پروگرام سے متعلق دیگر تفصیلات کے لئے ڈاکٹر اشونی (9966498979) اور ڈاکٹر محمد غفران برکاتی (9044145228) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

آداب تلنگانہ
جمعہ۔ 15/ اکتوبر 2021ء

# اردو یونیورسٹی میں اکتسابی وسائل کے فروغ پر پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ

حیدرآباد 14/ اکتوبر (پریس نوٹ) مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذۂ اردو ذریعۂ تعلیم (سی پی ڈی یو ایم ٹی)، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام اکتسابی وسائل کے فروغ (Developing Learning Resources) پر پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ منعقد کیا جارہا ہے۔ اردو ذریعہ تعلیم سے منسلک اسکولوں اور کالجوں کے اساتذہ کے لیے اس ورکشاپ کا انعقاد 25 تا 29/ اکتوبر عمل میں لایا جارہا ہے۔ پروفیسر عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر مراکز کے بموجب یہ ورکشاپ پروفیسر سید عین الحسن، شیخ الجامعہ کی سرپرستی اور پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، نائب شیخ الجامعہ و پروفیسر صدیقی محمد محمود، انچارج رجسٹرار کی نگرانی میں منعقد کیا جارہا ہے۔ اس ورکشاپ میں درس و تدریس سے متعلق موضوعات کا احاطہ کیا جائے گا تاکہ اساتذہ کی پیشہ ورانہ مہارتوں میں اضافہ ہوسکے اور انہیں تدریس کے مؤثر و مفید طریقوں اور تکنیکوں سے روشناس کرایا جاسکے۔ ورکشاپ میں متعدد ماہرین بہتر آموزش کے لیے کارآمد وسائل کے فروغ اور استعمال پر سیر حاصل گفتگو کریں گے۔ اساتذہ اس لنک پر https://forms.gle/d4ktfpH9qkigfSYG7 مفت رجسٹریشن کراسکتے ہیں۔ شرکا کو ای۔ سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔ دیگر شائقین آئی ایم سی، مانو کے یوٹیوب (IMCMANUU Youtube) چینل پر 3:00 تا 4:30 بجے پروگرام کے رواں اجلاسوں کو دیکھ سکتے ہیں۔ پروگرام سے متعلق دیگر تفصیلات کے لئے ڈاکٹر اشونی (9966498979) اور ڈاکٹر محمد غفران برکاتی (9044145228) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

صحافیٔ دکن
Sahafi-e-Deccan Daily Hyderabad
15/ اکتوبر 2021

# اردو یونیورسٹی میں اکتسابی وسائل کے فروغ پر پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ

حیدرآباد، 14/ اکتوبر (پریس نوٹ) مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذۂ اردو ذریعہ تعلیم (سی پی ڈی یو ایم ٹی)، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام اکتسابی وسائل کے فروغ (Developing Learning Resources) پر پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ منعقد کیا جا رہا ہے۔ اردو ذریعہ تعلیم سے منسلک اسکولوں اور کالجوں کے اساتذہ کے لیے اس ورکشاپ کا انعقاد بتاریخ 25 تا 29/ اکتوبر 2021 عمل میں لایا جا رہا ہے۔ پروفیسر عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر مراکز کے بموجب یہ ورکشاپ پروفیسر سید عین الحسن شیخ الجامعہ کی سرپرستی اور پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، نائب شیخ الجامعہ و پروفیسر صدیقی محمد محمود، انچارج رجسٹرار کی نگرانی میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ اس ورکشاپ میں درس و تدریس سے متعلق موضوعات کا احاطہ کیا جائے گا تاکہ اساتذہ کی پیشہ ورانہ مہارتوں میں اضافہ ہو سکے اور انہیں تدریس کے موثر و مفید طریقوں اور تکنیکوں سے روشناس کرایا جا سکے۔ ورکشاپ میں متعدد ماہرین بہتر آموزش کے لیے کارآمد وسائل کے فروغ اور استعمال پر سیر حاصل گفتگو کریں گے۔ اساتذہ اس لنک https://forms.gle/d4ktfpH9qkigfSYG7 پر مفت رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔ شرکا کو ای۔سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔ دیگر شائقین آئی ایم سی، مانو کے یوٹیوب (IMC MANUU Youtube) چینل پر 3:00 تا 4:30 بجے پروگرام کے رواں اجلاسوں کو دیکھ سکتے ہیں۔ پروگرام سے متعلق دیگر تفصیلات کے لیے ڈاکٹر اشونی (9966498979) اور ڈاکٹر محمد غفران برکاتی (9044145228) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

آداب تلنگانہ
ADAB TELANGANA URDU DAILY HYDERABAD
پیر۔ 18 / اکتوبر 2021ء

# تلنگانہ اعلیٰ تعلیم کونسل مانو کو ہر ممکنہ مدد فراہم کرے گی

## اردو یونیورسٹی اساتذہ انجمن کی حلف برداری تقریب‘ پروفیسر لمبادری، پروفیسر عین الحسن و دیگر کے خطاب



حیدرآباد، 17 / اکتوبر (پریس نوٹ) تلنگانہ ریاستی کونسل برائے اعلیٰ تعلیم (ٹی ایس سی ایچ ای)، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کو ہر ممکنہ تعاون اور مدد فراہم کرے گی۔ اردو یونیورسٹی، طلبہ کو بہترین تعلیم و تربیت فراہم کر رہی ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر کی نگرانی میں مانو قومی تعلیمی پالیسی کے نفاذ میں یقینی طور پر بہتر پیشرفت کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار مہمانِ خصوصی پروفیسر آر لمبادری، صدر نشین، ٹی ایس سی ایچ ای نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں 14 / اکتوبر کی شام اساتذہ کی انجمن کے نومنتخب عہدیداروں کی حلف برداری تقریب میں بحیثیت مہمانِ خصوصی کیا۔ پروفیسر سید عین الحسن نے مانوٹا اراکین کو مبارکباد دی۔ انہوں نے جمہوریت کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ یونیورسٹی کے تمام فریق مساوی طور پر اہم ہیں۔ انہوں نے اساتذہ برادری میں احساسِ ذمہ داری کے ساتھ جوابدہی کا تصور فروغ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ابتداء میں پروفیسر نثار احمد آئی ملا، صدر نشین انتخابات کمیٹی نے مانوٹا عہدیداروں ڈاکٹر بونتھو کوٹیا، اسسٹنٹ پروفیسر، سی ایس و آئی ٹی کو صدر؛ ڈاکٹر محمود کاظمی، اسوسی ایٹ پروفیسر، ترجمہ، نائب صدر؛ جناب محمد فصیح الدین، اسسٹنٹ پروفیسر پالی ٹیکنیک، معتمد عمومی؛ جناب سید علوی کے، اسسٹنٹ پروفیسر مینجمنٹ، شریک معتمد (انتظامی)؛ ڈاکٹر کہکشاں لطیف، اسسٹنٹ پروفیسر، ترجمہ، شریک معتمد (تشہیر) اور ڈاکٹر محمد فضل الحق، اسسٹنٹ پروفیسر، پالی ٹیکنیک کو خازن کی حیثیت سے حلف دلایا۔ انہوں نے انتخابات پر رپورٹ بھی پیش کی۔ مانوٹا کے تمام عہدیداروں کا بلامقابلہ انتخاب عمل میں آیا۔ مہمانِ اعزازی پروفیسر گالی ونود کمار، ڈین فیکلٹی آف لاء، عثمانیہ یونیورسٹی نے تدریس کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، پرووائس چانسلر، پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج، مہمانِ اعزازی پروفیسر سجاتا، صدر ایفلو اساتذہ انجمن، پروفیسر پی راملو، صدر یونیورسٹی آف حیدرآباد اساتذہ انجمن نے بھی خطاب کیا۔ نومنتخب صدر ڈاکٹر بونتھو کوٹیا نے اپنی تقریر میں وائس چانسلر کی جانب سے یونیورسٹی میں تعلیمی اور تحقیقی کلچر کی بہتری کے لئے گئے فیصلوں کا خیرمقدم کیا۔ ڈاکٹر وقار النساء، کوآپٹیڈ ممبر انتخابات کمیٹی نے شکریہ ادا کیا۔ ڈاکٹر پی شرت چندر، کوآپٹیڈ ممبر نے کاروائی چلائی۔ ڈاکٹر ایس مقبول احمد اور ڈاکٹر ایچ علیم باشا اراکین انتخابات کمیٹی بھی موجود تھے۔ قرأت کلام پاک سے پروگرام کا آغاز ہوا۔ اساتذہ کی بڑی تعداد کووڈ احتیاط کو ملحوظ رکھتے ہوئے آڈیٹوریم میں موجود تھی۔ بیشتر اساتذہ نے آن لائن شرکت کی۔

منصف

## اردو یونیورسٹی میں اکتسابی وسائل کے فروغ پر 5 روزہ آن لائن ورکشاپ

حیدرآباد، 14/ اکتوبر (پریس نوٹ) پبلک ریلیشن آفیسر مانو عابد عبدالواسع کی اطلاع کے مطابق مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذۂ اردو ذریعہ تعلیم (سی پی ڈی یو ایم ٹی)، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام اکتسابی وسائل کے فروغ (Developing Learning Resources) پر پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ منعقد کیا جارہا ہے۔ اردو ذریعہ تعلیم سے منسلک اسکولوں اور کالجوں کے اساتذہ کے لیے ورکشاپ کا انعقاد 25 تا 29/ اکتوبر 2021 عمل میں لایا جارہا ہے۔ پروفیسر عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر مراکز کے بموجب یہ ورکشاپ پروفیسر سید عین الحسن، شیخ الجامعہ کی سرپرستی اور پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، نائب شیخ الجامعہ و پروفیسر صدیقی محمد محمود، انچارج رجسٹرار کی نگرانی میں منعقد کیا جارہا ہے۔ ورکشاپ میں درس و تدریس سے متعلق موضوعات کا احاطہ کیا جائے گا تاکہ اساتذہ کی پیشہ ورانہ مہارتوں میں اضافہ ہوسکے اور انہیں تدریس کے مؤثر و مفید طریقوں اور تکنیکوں سے روشناس کرایا جاسکے۔ ورکشاپ میں متعدد ماہرین بہتر آموزش کے لیے کارآمد وسائل کے فروغ اور استعمال پر سیر حاصل گفتگو کریں گے۔ اساتذہ اس لنک پر https://forms.gle/d4ktfpH9qkigfSYG7 مفت رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔ شرکا کو ای۔سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔ دیگر شائقین آئی ایم سی، مانو کے یوٹیوب (IMC MANUU Youtube) چینل پر 3:00 تا 4:30 بجے پروگرام کے رواں اجلاسوں کو دیکھ سکتے ہیں۔ پروگرام سے متعلق دیگر تفصیلات کے لئے ڈاکٹر اشونی (9966498979) اور ڈاکٹر محمد غفران برکاتی (9044145228) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

راشٹریہ سہارا

## مانو میں اکتسابی وسائل کے فروغ پر پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ

حیدرآباد، 14/ اکتوبر (پریس نوٹ) مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذۂ اردو ذریعہ تعلیم (سی پی ڈی یو ایم ٹی)، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام اکتسابی وسائل کے فروغ (Developing Learning Resources) پر پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ منعقد کیا جارہا ہے۔ اردو ذریعہ تعلیم سے منسلک اسکولوں اور کالجوں کے اساتذہ کے لیے اس ورکشاپ کا انعقاد بتاریخ 25 تا 29/ اکتوبر 2021 عمل میں لایا جارہا ہے۔ ورکشاپ پروفیسر سید عین الحسن، شیخ الجامعہ کی سرپرستی اور پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، نائب شیخ الجامعہ و پروفیسر صدیقی محمد محمود، انچارج رجسٹرار کی نگرانی میں منعقد کیا جارہا ہے۔ اس ورکشاپ میں درس و تدریس سے متعلق موضوعات کا احاطہ کیا جائے گا تاکہ اساتذہ کی پیشہ ورانہ مہارتوں میں اضافہ ہوسکے اور انہیں تدریس کے مؤثر و مفید طریقوں اور تکنیکوں سے روشناس کرایا جاسکے۔ پروگرام سے متعلق دیگر تفصیلات کے لئے ڈاکٹر اشونی (9966498979) اور ڈاکٹر محمد غفران برکاتی (9044145228) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

15 OCT 2021

Telangana Today

# Online workshop for Urdu teachers

CITY BUREAU
Hyderabad

Centre for Professional Development of Urdu Medium Teachers (CPDUMT) of Maulana Azad National Urdu University (MANUU) is organising a five-day online workshop on Developing Learning Resources for Urdu-medium teachers from October 25 to 29.

The workshop covers topics related to teaching and learning, which can enhance the professional skills of teachers. The participants will be also introduced to effective and useful teaching methods and techniques, according to a press release.

**It will cover topics related to teaching and learning, which can enhance their teaching methods and techniques**

The e-certificate will be given to the participants and the sessions will be telecast live on IMC MANUU YouTube channel from 3 pm to 4.30 pm. Teachers can register for free at https://forms.gle/d4ktfpH9qkigfSYG7. For details, on contact over 9966498979 or 9044145228.

Times of India

## Workshop for Urdu medium teachers

**Hyderabad:** Centre for Professional Development of Urdu Medium Teachers (CPDUMT) of Maulana Azad National Urdu University (MANUU) is organising a five-day online workshop on 'Developing Learning Resources for Urdu Medium Teachers' from October 25 to 29. The workshop covers topics related to teaching and learning which can enhance the professional skills of teachers. TNN

Sakshi

## 'మనూ'లో అభ్యాస వనరులపై ఆన్‌లైన్ వర్క్‌షాప్

రాయదుర్గం: మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయంలో ఉర్దూ మీడియం టీచర్ల ప్రొఫెషనల్ డెవలప్‌మెంట్ సెంటర్ (సీపీయూడీఎంటీ) ఆధ్వర్యంలో అక్టోబర్ 25 నుంచి 29వ తేదీ వరకు ఆన్‌లైన్‌లో వర్క్‌షాప్‌ను నిర్వహిస్తామని సెంటర్ డైరెక్టర్ ప్రొఫెసర్ మహ్మద్ అబ్దుల్ సామి సిద్దిఖీ గురువారం తెలిపారు. ఉర్దూ మీడియం టీచర్ల కోసం లెర్నింగ్ రిసోర్సెస్ అభివృద్ధిపై అయిదు రోజులపాటు ఈ వర్క్‌షాప్ కొనసాగుతుందన్నారు. ఈ వర్క్‌షాప్‌లో బోధన, అభ్యాసానికి సంబంధించిన అంశాలుంటాయన్నారు. కార్యక్రమాన్ని వైస్ చాన్స్‌లర్ సయ్యద్ ఐనుల్‌హసన్, ప్రోవీసీ ప్రొఫెసర్ ఎస్ఎంరహమతుల్లా, ఇన్‌చార్జి రిజిస్ట్రార్ ప్రొఫెసర్ సిద్దిఖీ మహ్మద్ మహమూద్ పర్యవేక్షణలో నిర్వహిస్తామన్నారు.

Sakshi

18 OCT 2021

# బాధ్యతల స్వీకరణ

రాయదుర్గం: మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ యూనివర్సిటీలోని టీచర్స్ అసోసియేషన్ నూతన కార్యవర్గం బాధ్యతలు స్వీకరించింది. ఈ మేరకు ఆదివారం పీఆర్ఓ అబిద్ అబ్దుల్ వసే ఓ ప్రకటన విడుదల చేశారు. నూతన కార్యవర్గం అధ్యక్షుడిగా డాక్టర్ బొంతు కోటయ్య, ఉపాధ్యక్షుడిగా డాక్టర్ సయ్యద్ మహ్మద్ కాజ్మీ, ప్రధాన కార్యదర్శిగా ఎండీ ఫసియుద్దీన్, ఆర్గనైజింగ్ జాయింట్ సెక్రటరీగా సైదాలవి, పబ్లిసిటీ జాయింట్ సెక్రటరీగా డాక్టర్ కాకషన్‌లతీఫ్, కోశాధికారిగా డాక్టర్ సయ్యద్ మహ్మద్ ఫజల్‌ఉల్ హక్, ఇతర కార్యవర్గ సభ్యులు పదవీ ప్రమాణం చేశారు. ఈ కార్యక్రమానికి ముఖ్యఅతిథిగా హాజరైన టీఎస్‌సీహెచ్ఈ ఛైర్మన్ ప్రొఫెసర్ ఆర్ లింబాద్రి మాట్లాడుతూ.. ఉర్దూ యూనివర్సిటీకి పూర్తి స్థాయిలో సహకరిస్తామని తెలిపారు. ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయం విద్యార్థులకు ఉత్తమ విద్య, శిక్షణను అందిస్తోందన్నారు. వైస్‌చాన్స్‌లర్ ప్రొఫెసర్ సయ్యద్ ఐనుల్ హసన్ మాట్లాడుతూ.. టీచింగ్ కమ్యూనిటీలో జవాబుదారితనంతో పాటు బాధ్యతాభావాన్ని ప్రోత్సహించాల్సిన అవసరం ఉందన్నారు. ఇఫ్లూ టీచర్స్ అసోసియేషన్ అధ్యక్షులు ప్రొఫెసర్ సుజాత, ఓయూ ఫ్యాకల్టీ ఆఫ్ లా ప్రొఫెసర్ గాలివినోద్‌కుమార్, ప్రోవీసీ ప్రొఫెసర్ ఎస్ఎం రహమతుల్లా, ఇన్‌చార్జి రిజిస్ట్రార్ ప్రొఫెసర్ సిద్ధిఖీ మహ్మద్ మహమూద్, హెచ్‌సీయూ టీచర్స్ అసోసియేషన్ అధ్యక్షులు ప్రొఫెసర్ రాములు ప్రసంగించారు.



నూతన కార్యవర్గంతో ప్రొఫెసర్ లింబాద్రి, సయ్యద్ ఐనుల్ హసన్ తదితరులు

S

Telangana Today

# TSCHE offers support to MANUU

CITY BUREAU
Hyderabad

The investiture ceremony of newly-elected office-bearers of Maulana Azad National Urdu University (MANUU) Teachers' Association was held here.

Prof R Limbadri, Chairman, Telangana State Council of Higher Education (TSCHE) who addressed the meeting assured that the Council will extend all possible support and assistance to MANUU.

The Urdu University is providing the best education and training to the students, he said.

TT

The Hans India

# TSCHE CHIEF ASSURES TO BACK MANUU

HYDERABAD




THE investiture ceremony of newly-elected office-bearers of the Maulana Azad National Urdu University (MANUU) Teachers' Association was held here. Prof R Limbadri, Chairman, Telangana State Council of Higher Education (TSCHE), while addressing the event assured that the council will extend all possible support and assistance to MANUU. The varsity is providing the best education and training to students, he stated.

HI

Indian Express

EXPRESS READ

## TSCHE will offer support to MANUU: Chairman

Hyderabad: TSCHE Chairman Prof. R Limbadri assured that they will extend all possible assistance to Maulana Azad National Urdu University (MANUU). Addressing the investiture ceremony of newly elected office bearers of MANUUTA, he also applauded the performance of the institution. IE

Times of India

## Investiture ceremony for Maulana Azad Univ

The investiture ceremony of newly-elected office-bearers of Maulana Azad National Urdu University Teachers' Association was held on Sunday. TSCHE chairman Prof R Limbadri addressed the meeting, assured the council will extend all possible support to MANUU. "The university is providing the best education to the students," he said. TNN

TOI

راشٹریہ سہارا

18 OCT 2021

رہنمائے دکن

# تلنگانہ اعلیٰ تعلیم کونسل مانو کو ہر ممکنہ مدد فراہم کرے گی

## اردو یونیورسٹی اساتذہ انجمن کی حلف برداری تقریب۔ پروفیسر لمبادری، پروفیسر عین الحسن ودیگر کے خطاب



حیدرآباد (پریس نوٹ) تلنگانہ ریاستی کونسل برائے اعلیٰ تعلیم (ٹی ایس سی ایچ ای)، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کو ہر ممکنہ تعاون اور مدد فراہم کرے گی۔ اردو یونیورسٹی، طلبہ کو بہترین تعلیم و تربیت فراہم کررہی ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر کی نگرانی میں مانو قومی تعلیمی پالیسی کے نفاذ میں یقینی طور پر بہتر پیشرفت کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار مہمانِ خصوصی پروفیسر آر لمبادری، صدر نشین، ٹی ایس سی ایچ ای نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں 14/ اکتوبر کی شام اساتذہ کی انجمن کے نومنتخب عہدیداروں کی حلف برداری تقریب میں بحیثیت مہمانِ خصوصی کیا۔ پروفیسر سید عین الحسن نے مانو ٹا اراکین کو مبارکباد دی۔ انہوں نے جمہوریت کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ یونیورسٹی کے تمام فریق مساوی طور پر اہم ہیں۔ انہوں نے اساتذہ برادری میں احساسِ ذمہ داری کے ساتھ جوابدہی کا تصور فروغ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ابتداء میں پروفیسر نثار احمد آئی ملا، صدر نشین انتخابات کمیٹی نے مانو ٹا عہدیداروں ڈاکٹر بوتھو کوٹیا، اسسٹنٹ پروفیسر، سی ایس و آئی ٹی کو صدر؛ ڈاکٹر محمود کاظمی، اسوسیٹ پروفیسر، ترجمہ، نائب صدر؛ محمد فصیح الدین، اسسٹنٹ پروفیسر پالی ٹیکنیک، معتمد عمومی؛ سید علوی کے، اسسٹنٹ پروفیسر مینجمنٹ، شریک معتمد (انتظامی)؛ ڈاکٹر کہکشاں لطیف، اسسٹنٹ پروفیسر، ترجمہ، شریک معتمد (تشہیر) اور ڈاکٹر محمد فضل الحق، اسسٹنٹ پروفیسر، پالی ٹیکنیک کو خازن کی حیثیت سے حلف دلایا۔ انہوں نے انتخابات پر رپورٹ بھی پیش کی۔ مانو ٹا کے تمام عہدیداروں کا بلا مقابلہ انتخاب عمل میں آیا۔ مہمانِ اعزازی پروفیسر گالی ونود کمار، ڈین فیکلٹی آف لاء، عثمانیہ یونیورسٹی نے تدریس کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، پرو وائس چانسلر، پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج، مہمان اعزازی پروفیسر سجاتا، صدر اے ظلو اساتذہ انجمن، پروفیسر پی راملو، صدر یونیورسٹی آف حیدرآباد اساتذہ انجمن نے بھی خطاب کیا۔ نومنتخب صدر ڈاکٹر بوتھو کوٹیا نے اپنی تقریر میں وائس چانسلر کی جانب سے یونیورسٹی میں تعلیمی اور تحقیقی کلچر کی بہتری کے لیے لیے گئے فیصلوں کا خیر مقدم کیا۔ ڈاکٹر وقار النساء، کوآپٹیڈ ممبر انتخابات کمیٹی نے شکریہ ادا کیا۔ ڈاکٹر پی شرت چندر، کوآپٹیڈ ممبر نے کارروائی چلائی۔ ڈاکٹر ایس مقبول احمد اور ڈاکٹر ایچ علیم پاشا اراکین انتخابات کمیٹی بھی موجود تھے۔ قرأت کلام پاک سے پروگرام کا آغاز ہوا۔ اساتذہ کی بڑی تعداد کووڈ احتیاط کو ملحوظ رکھتے ہوئے آڈیٹوریم میں موجود تھی۔ بیشتر اساتذہ نے آن لائن شرکت کی۔

RS

# تلنگانہ اعلیٰ تعلیم کونسل کا مانو کو ہر ممکنہ مدد فراہم کرنے کا تیقن

## اردو یونیورسٹی اساتذہ انجمن کی حلف برداری تقریب

## پروفیسر لمبادری، پروفیسر عین الحسن کا خطاب



حیدرآباد۔17 / اکتوبر (پریس نوٹ) تلنگانہ ریاستی کونسل برائے اعلیٰ تعلیم (ٹی ایس سی ایچ ای)، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کو ہر ممکنہ تعاون اور مدد فراہم کرے گی۔ اردو یونیورسٹی، طلبہ کو بہترین تعلیم و تربیت فراہم کررہی ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر کی نگرانی میں مانو قومی تعلیمی پالیسی کے نفاذ میں یقینی طور پر بہتر پیشرفت کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار مہمانِ خصوصی پروفیسر آر لمبادری، صدر نشین، ٹی ایس سی ایچ ای نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں 14/ اکتوبر کی شام اساتذہ کی انجمن کے نومنتخب عہدیداروں کی حلف برداری تقریب میں بحیثیت مہمانِ خصوصی کیا۔ پروفیسر سید عین الحسن نے مانو ٹا اراکین کو مبارکباد دی۔ انہوں نے جمہوریت کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ یونیورسٹی کے تمام فریق مساوی طور پر اہم ہیں۔ انہوں نے اساتذہ برادری میں احساسِ ذمہ داری کے ساتھ جوابدہی کا تصور فروغ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ابتداء میں پروفیسر نثار احمد آئی ملا، صدر نشین انتخابات کمیٹی نے مانو ٹا عہدیداروں ڈاکٹر بوتھو کوٹیا، اسسٹنٹ پروفیسر، سی ایس و آئی ٹی کو صدر؛ ڈاکٹر محمود کاظمی، اسوسیٹ پروفیسر، ترجمہ، نائب صدر؛ جناب محمد فصیح الدین، اسسٹنٹ پروفیسر پالی ٹیکنیک، معتمد عمومی؛ جناب سید علوی کے، اسسٹنٹ پروفیسر مینجمنٹ، شریک معتمد (انتظامی)؛ ڈاکٹر کہکشاں لطیف، اسسٹنٹ پروفیسر، ترجمہ، شریک معتمد (تشہیر) اور ڈاکٹر محمد فضل الحق، اسسٹنٹ پروفیسر، پالی ٹیکنیک کو خازن کی حیثیت سے حلف دلایا۔ انہوں نے انتخابات پر رپورٹ بھی پیش کی۔ مانو ٹا کے تمام عہدیداروں کا بلا مقابلہ انتخاب عمل میں آیا۔ مہمانِ اعزازی پروفیسر گالی ونود کمار، ڈین فیکلٹی آف لاء، عثمانیہ یونیورسٹی نے تدریس کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، پرو وائس چانسلر، پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج، مہمانِ اعزازی پروفیسر سجاتا، صدر اے ظلو اساتذہ انجمن، پروفیسر پی راملو، صدر یونیورسٹی آف حیدرآباد اساتذہ انجمن نے بھی خطاب کیا۔ نومنتخب صدر ڈاکٹر بوتھو کوٹیا نے وائس چانسلر کی جانب سے یونیورسٹی میں تعلیمی اور تحقیقی کلچر کی بہتری کے لیے لئے گئے فیصلوں کا خیر مقدم کیا۔ ڈاکٹر وقار النساء، کوآپٹیڈ ممبر انتخابات کمیٹی نے شکریہ ادا کیا۔

منصف 18 OCT 2021

# اردو یونیورسٹی اساتذہ انجمن کی حلف برداری تقریب

حیدرآباد۔ 17 / اکتوبر (پریس نوٹ) تلنگانہ ریاستی کونسل برائے اعلیٰ تعلیم (ٹی ایس سی ایچ ای)، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کو ہر ممکنہ تعاون اور مدد فراہم کرے گی۔ اردو یونیورسٹی، طلبہ کو بہترین تعلیم و تربیت فراہم کر رہی ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر کی نگرانی میں مانو قومی تعلیمی پالیسی کے نفاذ میں یقینی طور پر بہتر پیشرفت کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار مہمانِ خصوصی پروفیسر آر لمبادری، صدر نشین، ٹی ایس سی ایچ ای نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں 14 / اکتوبر کی شام اساتذہ کی انجمن کے نومنتخب عہدیداروں کی حلف برداری تقریب میں بحیثیت مہمانِ خصوصی کیا۔ پروفیسر سید عین الحسن نے مانو ٹا اراکین کو مبارکباد دی۔ انہوں نے جمہوریت کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ یونیورسٹی کے تمام فریق مساوی طور پر اہم ہیں۔ ابتداء میں پروفیسر نثار احمد آئی ملا، صدر نشین انتخابات کمیٹی نے مانو ٹا عہدیداروں ڈاکٹر بونتھو کوٹیا، اسسٹنٹ پروفیسر، سی ایس و آئی ٹی کو صدر، ڈاکٹر محمود کاظمی، اسوی ایٹ پروفیسر، ترجمہ، نائب صدر؛ محمد فصیح الدین، اسسٹنٹ پروفیسر پالی ٹیکنیک، معتمد عموی؛ سید علوی کے، اسسٹنٹ پروفیسر مینجمنٹ، شریک معتمد (انتظامی)، ڈاکٹر کہکشاں لطیف، اسسٹنٹ پروفیسر، ترجمہ، شریک معتمد (تشہیر) اور ڈاکٹر محمد فضل الحق، اسسٹنٹ پروفیسر، پالی ٹیکنیک کو خازن کی حیثیت سے حلف دلایا۔ انہوں نے انتخابات پر رپورٹ بھی پیش کی۔ مانو ٹا کے تمام عہدیداروں کا بلامقابلہ انتخاب عمل میں آیا۔ مہمانِ اعزازی پروفیسر گالی ونود کمار، ڈین فیکلٹی آف لاء، عثمانیہ یونیورسٹی نے تدریس کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، پرو وائس چانسلر، پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج، مہمانِ اعزازی پروفیسر سہاتا، صدر اعلو اساتذہ انجمن، پروفیسر پی راملو، صدر یونیورسٹی آف حیدرآباد اساتذہ انجمن نے بھی خطاب کیا۔